# عزاداری



نمازوں کی ضمانت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری
عبادت کی عبادت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

تبرک آہ و زاری کا عزاداری نے بانٹا ہے
یزیدیت کی شہ رَگ کو عزاداری نے کاٹا ہے
قیامت کی شجاعت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

ستم کا راج اپنے عزم سے تاراج کرتی ہے
غلامانِ شہہِ دیںؑ کے دلوں پہ راج کرتی ہے
عزائی بادشاہت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

علیؑ سے جلنے والوں کا کلیجہ چاک کرتی ہے
غدیرِ خم کے دشمن کو سپردِ خاک کرتی ہے
نگہبانِ ولایت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

نزول ہوتا ہے جس کی آیتوں کا قلبِ ماتم پر
لہو روتی ہیں جس کی آیتیں زیر و زبر ہو کر
غموں کی ایسی صورت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

اذاں اِس کی ہے نوحہ اور وضو ہے پیاس کا پینا
نمازی ہاتھ ہیں اِس کے مصلہ ماتمی سینہ
ملنگانہ عبادت ہے شہہِؑ دیں کی عزاداری

غمِ شبیرؑ میں رونے سے شجرہ پاک ہوتا ہے
سنو جس کے ادا ہونے سے شجرہ پاک ہوتا ہے
وہی اجرِ رسالت ہے شہہِ دیںؑ کی عزاداری

اُکھڑ جاتی ہیں سانسیں آہ بھر کے ہانپ جاتا ہے
تیری آواز سنتا ہے تو ظالم کانپ جاتا ہے
تو مظلوموں کی طاقت ہے شہہِ دیںؑ کی عزاداری

بحکمِ ثانیِ زہراؑ دعاؤں میں اثر دے دے
تو جس بندے کو چاہے خیر سے جنت میں گھر دے دے
فقط تجھ کو اجازت ہے شہہِ دیںؑ کی عزاداری

صدا مخدومہِ کونینؑ کی آتی ہے یہ گوہرؔ
جسے کوئی مٹا سکتا نہیں از قولِ پیغمبرؐ
وہ تابندہ حقیقت ہے شہہِ دیںؑ کی عزاداری